## سوال

موزوں پر مسہ کرنے کا طریقہ

## جواب

موزوں پر مسح کرنے کا طریقہ ؟ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ موزوں پر مسح کرنے کا کیا طریقہ ہے ، کیا دونوں پاؤں پر مسح دائیں ہاتھ سے کرنا ہے ۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ! الحمد للہ ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ ، أما بعد ! موزوں پر مسح کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے دائیں ہاتھ سے دائیں پاوں کے اوپر اس کی انگلیوں سے لیکر پنڈلی تک مسح کیا جائے ، پھر بائیں ہاتھ سے بائیں پاوں کے اوپر اس کی انگلیوں سے لیکر پنڈلی تک مسح کیا جائے ۔ کیونکہ نبی کریم نے فرمایا : إذا توضأتم فابدء وابمیا منکم (ابو داود : 4141) جب تم وضو کرو تو دائیں جب سے شروع کرو ۔ سیدہ عائشہ فرماتی ہیں : کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم یعجبہ التیمن فی تنعلہ وترجلہ ، وفی طہورہ ، وفی شأنہ کلہ ( مسلم : 268 ) نبی کریم جوتا پہننے ، کنگھی کرنے ، صفائی کرنے اور تمام اچھے کاموں کو کرتے وقت دائیں جانب کو پسند کرتے تھے ۔ لیکن اگر کوئی شخص دونوں ہاتھوں سے دونوں پاؤں کا اکٹھا ہی مسح کرلیتا ہے یا دونوں ہاتھوں میں سے دائیں یا بائیں کسی ایک ہاتھ سے ہی دونوں کا مسح کرتا ہے تو بھی کوئی حرج نہیں ہے ۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

دارالافتاء محدث